# سید افتخار الحسن المعروف ظاہرے شاہ

## تعارف:

آپ خطیب الاسلام قدس سرہ کے فرزند سوم ہیں۔ آپ کی ولادت ۲ فروری ۱۹۴۲ء کو آلومہار شریف میں ہوئی۔

## تعلیم:

جب سن شعور کو پہنچے تو یہی دھرتی ( آلومہار شریف ) آپ کی مادرِ علمی بنی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم آلومہار شریف میں ہی حاصل کی اور میٹرک کے بعد مرے کالج سیالکوٹ میں فرسٹ ائیر میں داخلہ لے کر اپنی تعلیمی زندگی کا اگلا دور شروع کر دیا۔

## سیاسی زندگی:

آپ کو اللہ نے خدمت خلق کے جذبے بڑی فراوانی سے عطا کیے تھے اور یہ جذبے اندر ہی اندر انگڑائیاں لیتے رہے۔ ملکی حالات اور معاملات کو دیکھتے تو دل میں شوقِ خدمت مزید اُبھرتا۔ آپ نے ۱۹۶۲ء کے بعد اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا اور سب سے پہلے ۱۹۶۴ء کے بلدیاتی الیکشن میں حصہ لیا اور یونین کونسل کے چیئرمین منتخب ہوئے۔ یہ میدانِ سیاست میں آپ کا پہلا قدم تھا۔ آپ نے اپنے علاقہ میں بھر پور محنت کی اور میدانِ سیاست میں کامیاب ہو گئے۔

۱۹۶۴ء کے بلدیاتی الیکشن کے بعد جب قدم آگے بڑھا تو چار سال تک آپ ڈسٹرک کونسل کے ممبر رہے۔ اس کے بعد تین دفعہ **''ایم پی اے''** کے الیکشن میں حصہ لیا اور دو دفعہ **''ایم این اے''** کا انتخاب لڑا۔ یہ اللہ رب العزت کا کرم اور آباؤ اجداد کی نگاہوں کا فیض تھا کہ آپ ہر مرتبہ کامیاب ہوئے۔

## ازدواجی زندگی:

۱۹۸۲ء میں آپ کی ازدواجی زندگی کا آغاز ہوا۔

## حرمین طیبین کی حاضری:

کون ہے جو محمد عربی علی صاحبہا الصلوٰت کا کلمہ بھی پڑھے اوران کی بارگاہ میں حاضری کی تڑپ اوراس کی قلق اپنے دل میں محسوس نہ کرے یہی سرمایہ ایمان ہے اور یہ تڑپ حضرت صاحبزادہ سید افتخار الحسن مدظلہ کو بھی ورثہ میں ملی۔

لڑا اور کامیابی حاصل کی۔ ماشاء اللہ آج کل ایک سجادہ نشین اور سیاسی رہنما کی حیثیت سے عوام الناس کے روحانی وسیاسی مسائل کو تندہی سے حل کرنے کی کوشش فرمارہے ہیں۔

دعاہے کہ اللہ رب العزت آپ کے علم،عمل اوراخلاص میں مزید اضافہ فرمائے....آمین۔

## ازدواجی زندگی:

آپ کی ازدواجی زندگی کا آغاز ۲۰۰۸ء میں ہوا۔آپ کی شادی خانہ آبادی ۲۷اپریل کواپنے چچا مجاہد ملت صاحبزادہ سید افتخار الحسن شاہ مدظلہ کے ہاں قرار پائی۔آپ کا نکاح حسب خواہش جانشین ابوالبیان صاحبزادہ پیر محمد رفیق احمد مجددی مدظلہ نے پڑھایا اور آپ کے والدگرامی حضرت صاحبزادہ سید خالد حسن شاہ قدس سرہ کا نکاح سراج العارفین ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی قدس سرہ نے پڑھایا تھا۔

## خلفاء:

آپ اپنے آباؤاجداد کے مشن کو بڑی تندہی ومحنت سے آگے بڑھارہے ہیں۔فیوضات تقسیم فرمارہے ہیں اور محافل ذکر وفکر کا خصوصی التزام فرماتے ہیں جن احباب کو آپ دستارفضیلت سے نواز چکے ہیں ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

☆....صوفی محمد بشیر نقشبندی

☆....صوفی محمد طفیل نقشبندی

☆....صوفی محمد ناہید الرحمٰن نقشبندی

☆....صوفی محمد رشید نقشبندی

☆.....ماسٹر محمد منیر نقشبندی

☆....محمد جمیل نقشبندی

☆.....مولوی محمد غوث نقشبندی

☆....صوفی محمد خورشید نقشبندی